عاشق کے ساتھ گھر سے بھاگی دو حقیقی بہنیں برآمد

رائے بریلی (ایس این بی) مل ابریا تھانہ حلقہ کے شیتی نگر سے لاپتہ دو نابالغ بہنوں کو بوائے فرینڈ کے ساتھ پولیس نے گرفتار کرلیا ہے۔ یہ دونوں اپنے عاشق کے ساتھ دہلی بھاگنے کے فراق میں تھیں لیکن بروقت کاروائی کرتے پولیس نے گرفتار کرلیا ہے۔ یہ واقعہ 2 روز قبل شیتی نگر میں پیش آیا جہاں 15 اور 13 سال کی دو حقیقی بہنیں صبح سویرے سیر کے بہانے گھر سے نکلیں اور واپس نہیں آئیں۔ کافی تلاش کے بعد بھی جب دونوں بہنیں نہ ملیں تو پولیس کو اطلاع دی گئی۔ لڑکی کی والدہ کی شکایت پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے لڑکیوں کی تلاش شروع کردی۔ آج پولیس کی تلاش کے دوران دونوں بہنوں کو ان کے عاشق آکاش یادو ولد اٹل یادو اور تیسیم مشرا ولد سنگھا پرساد ساکن کاشی رام کالونی کے ساتھ تر پتھا چوراہے پر پکڑا گیا۔ پولیس نے پکڑ کے دونوں نابالغ لڑکوں کو جیل بھیج دیا ہے۔ اس حوالے سے ایس آئی ابراہام نے بتایا کہ لڑکیوں کو اغوا کرنے والے دونوں لڑکے بھی نابالغ ہیں، مقدمہ درج کر کے دونوں کو جیل بھیج دیا گیا ہے۔

22 جون کو چوری ہوئی ڈی سی ایم کا سراغ نہیں

فتح پور - بارہ بنکی (ایس این بی) گزشتہ ہفتہ چوری ہوئی ڈی سی ایم کا ابھی تک کچھ بھی پتہ نہیں چلا ہے۔ پولیس نے تین روز بعد نامعلوم شخص کے خلاف مقدمہ درج کیا۔ معلوم ہو کہ قصبہ کے نالا پار دھنی کے رہنے والے محمد نظام الدین نے تھانہ دیوا میں تحریری دھی کہ دو جون بدھ کی صبح ان کی ڈی سی ایم گاڑی خدوم شاہ مزار کے قریب گراؤنڈ میں کھڑی تھی جب ڈرائیور وہاں خدوم شاہ مزار کے قریب پہنچا تو ڈی سی ایم گاڑی غائب تھی۔

ہونہار طلباء وطالبات میں ٹیبلیٹ واعزازی سرٹیفکیٹ تقسیم

طلباء اور طالبات کے ساتھ ہی ان کے سرپرست اور اساتذہ بھی قابل مبارکباد : ستیش شرما

بارہ بنکی (ایس این بی) یوپی بورڈ کے ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ امتحانات میں میرٹ لسٹ میں مقام حاصل کرنے والے طلباء اور طالبات کے ساتھ ہی ان کے سرپرست اور اساتذہ بھی مبارکباد کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے ان کی صلاحیتوں کو نکھار کر اس قابل بنایا کہ وہ ضلع اور صوبہ کا نام روشن کرسکے۔ مذکورہ خیالات آج گلکٹریٹ میں واقع لوک سبھا گارمین یوپی بورڈ کے ہونہار طلباء وطالبات کو ٹیبلٹ، اعزازی سرٹیفکیٹ اور فی کس ایک لاکھ روپے کی ڈیمو چیک تقسیم کرنے کی تقریب کو خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی ریاستی وزیر مملکت برائے نفذاور سدکتیش شرما نے ظاہر کیے۔

واضح رہے کہ آج لکھنؤ میں منعقد اعزازی تقریب میں وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ذریعہ ریاستی سطح پر جن طلباء اور طالبات کو اعزاز سے نوازا گیا ان میں بارہ بنکی ضلع کی درجہ دس کی ایک طالبہ نائلہ عبید، انٹر کی طالبہ سناتش شریواستو اور انٹر کے ہی دو طلباء چندن یادو اور کشمش تیواری ہیں۔ جبکہ لوک سبھا گار میں ہونے والی تقریب میں 24 طلباء وطالبات کو ضلع مجسٹریٹ ستیندر کمار، سی ڈی او اے سودن، ممبر اسمبلی دنیش راوت اور ممبر کونسل انگد سنگھ کے ہاتھوں ٹیبلیٹ، اعزازی سند اور ایک ایک لاکھ روپے ڈیمو چیک سے نوازا گیا۔

ہائی اسکول میں پیا اعزاز حاصل کرنے والوں میں رشی سونی، تفسیر فاطمہ، ارنیا جیسوال، یوراج ورما، خوشی پانڈے، کابیا شکا، کیرتی موریہ اور شبھ ورما شامل ہیں۔ جبکہ انٹرمیڈیٹ میں اعزاز حاصل کرنے والوں میں سہانی ورما، روک ورما، شردھا ورما، جوتی ورما، ہرشت راج، شاشت گپتا، آستھا ورما، ارسیا وکشت، انوراگ یادو، برہاکر راوت، دیپانش، تجہیز رئیس، پراچل نگم، نورین بانو، دیپتی اوتھی، اننتا شرما، ابھیشیک کمار سنجن ورما، پرینکا سنگھ، پرنس ورما اور ہرش وکرم سنگھ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ہائی اسکول کے دو طلباء اور طالبات پو جا جایلی اور نمین ورما کو علاقتی چیک 21 ہزار، اعزازی سرٹیفکیٹ اور میڈل دیا گیا۔ اعزاز حاصل کرنے والی طالبہ نورین بانو نے کنستور باگاندھی رہائشی اسکول سروی نوٹ پور میں تعلیم حاصل کی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے اعزاز یافتہ طلباء اور طالبات کے سرپرستوں اور اساتذہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ اسی طرح محنت کر کے طلباء وطالبات کو اس لائق بنایئے کہ وہ ضلع وصوبہ اور ملک کا نام روشن کرسکیں۔ اس موقع پر پروجیکٹ ڈائرکٹر منیش کمار، ضلع انسپکٹر آف اسکول او پی ترپاٹھی، ضلع بیسک شکشا افسر ستوش دیو پانڈے، ضلع سپلائی افسر راکیش تیواری سمیت بڑی تعداد میں اساتذہ وسرپرست موجود تھے۔

طلباء محنت سے پڑھیں، کامیابی ضرور ملے گی: ڈی ایم

ہونہار طلباء کو میڈل وٹیبلیٹ دے کر اعزاز سے نوازا

گونڈہ (ایس این بی) ،وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ہفتہ کو لوک بھون لکھنؤ میں منعقدہ شاندار اعزازی تقریب کے پروگرام میں ہونہاروں کو اعزاز سے نوازا۔ لوک بھون میں منعقدہ پروگرام کو ضلع مجسٹریٹ اور چیف ڈیولپمنٹ آفیسر نے این آئی سی آڈیٹوریم میں دیکھا۔ اس کے بعد ضلع مجسٹریٹ نے ضلع کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، تحصیل ہیڈ کوارٹر کے طالبات کو مستقبل میں محنت سے تعلیم حاصل کرنے، اپنے عزائم کو پورا کرنے، خاندان اور ملک کی ترقی کا پیغام دیتے ہوئے تمام بچوں سے اپیل کی کہ وہ پوری محنت سے تعلیم حاصل کریں۔ محنت اور لگن سے ریاست اور ملک میں کامیابی حاصل کریں گے سچے دل سے ملک کی خدمت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کا واحد منتر محنت ہے، محنت کے بغیر کوئی کامیابی حاصل نہیں کی جاسکتی، اس لیے تمام بچوں کو محنت سے کبھی کنارہ کشی نہیں کرنی چاہیے۔ ضلع مجسٹریٹ نیہا شرما نے ضلع سطح پر ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے 25 طلباء کو میڈل، چیک اور ٹیبلٹ دے کر اعزاز سے نوازا۔ پرگیہ شریواستو، پرنس کمار، ہائی اسکول کی اسمیت کو کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اعزاز سے نوازا۔ اس کے علاوہ شاتھون، شیوکانت پانڈے، بشری جبی، اسرتی شکلا، اتوکرتی شریواستو، بشنی وارشن ورما، شیوورش تیواری، اجیت کمار، مانس پانڈے، انٹرمیڈیٹ کے پروہودور یمن یادو کو ضلع مجسٹریٹ نے اعزاز سے نوازا۔ اس موقع پر چیف ڈیولپمنٹ آفیسر ایم اروموگی، ڈسٹرکٹ اسکول انسپکٹر راکیش کمار اور اسکولوں کے طلباء، ان کے والدین اور اساتذہ موجود تھے۔

مختصر

خبریں

مولانا آزاد نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح

بارہ بنکی (ایس این بی) کھیل باہمی اتحاد اور بھائی چارگی کی علامت ہے کھیل میں ہار جیت نہیں ہوتی بلکہ اور زیادہ محنت اور لگن سے کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ کھیلوں سے کھلاڑیوں کی ذہنی ترقی ہوتی ہے۔ مذکورہ خیالات موضع سنڈھیا سنو میں ہونے والے مولانا آزاد نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے ریاستی کانگریس کے سابق جنرل سکریٹری فواد قدوائی نے ظاہر کیے۔ انہوں نے خود کھیل کر رسمی افتتاح کیا۔ ٹورنامنٹ کے منتظمین زین العابدین، محمد زید اور محمد شعیب کے ذریعہ مہمانوں کا خیر مقدم کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹورنامنٹ میں مختلف مقامات کی ٹیمیں شرکت کررہی ہیں۔ اس موقع پر عارف قدوائی، شیشکر ورما، طیب قدوائی، اسامہ انصاری، محمد نعیم، نورالحسن، آصف لئیق، صاحب عالم، امتیاز احمد اور مہی احمد بھی موجود تھے۔

آبروریزی کے مجرم کو 10 برس کی قید

بارہ بنکی (ایس این بی) ایڈیشنل ضلع سیشن جج فاسٹ ٹریک رائیش نے شوہر کے سامنے ہی اس کی بیوی کی آبروریزی کرنے والے ایک ملزم کو قصوروار قرار دیتے ہوئے 10 برس کی قید بامشقت کی سزا کے ساتھ ہی 20 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی ہے۔ اے ڈی جی سی شیلندر شریواستو نے بتایا کہ 9 دسمبر 2019 کو ایک شخص اپنی بیوی کی نرسنگ ہوم سے دوائے کرلوٹ رہا تھا راستے میں کرشن کمار ساکن بلکھیرا نے اپنے نامعلوم ساتھیوں کے اس کو روک لیا اور اس کی پنچائی پر پستول لگا کر اس کی بیوی کو سڑک کے پورب میں واقع باغ میں گھسیٹ لے گئے اور اپنی ہوس کا شکار بنایا۔ فاضل جج مختلف مرحلوں میں مقدمہ کی سماعت کے بعد کرشن کمار کو سزا یاب کیا۔ عدالت نے یہ حکم بھی صادر کیا ہے کہ جرمانے سے وصول کی گئی رقم میں 10 ہزار متاثرہ کو ادا کی جائے۔

تکنیت نگر دفتر میں یوم تاجر منایا گیا

دریاباد-بارہ بنکی (ایس این بی) آل انڈیا کھل بھارتی اودگ بیاپار منڈل تکیت نگر یونٹ کی جانب سے اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ذریعہ کابینہ میں 29 جون کو یوم تاجر منظور کیے جانے پر آج تکیت نگر کے بیاپار منڈل کے صدر کرپا شنکر شکلا کی صدارت میں آل انڈیا اودگ بیوپار منڈل تکیت نگر یونٹ کے دفتر میں کابینہ کو مبارکباد پیش کیا۔ معلوم ہو کہ یوم تاجر کا مطالبہ آل انڈیا بیوپار منڈل کے قومی صدر سندیپ جنسل دو دہائیوں سے کر رہے تھے۔ اسی سلسلے میں کئی بار قومی صدر سندیپ جنسل نے یوم تاجر منانے کا مطالبہ اتر پردیش حکومت کے وزیر خزانہ سریش کنہ کے سامنے رکھا۔ کرپا شنکر شکلا نے کہا کہ قومی صدر کی جدوجہد کا نتیجہ ہے کہ اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ نے 29 جون کو یوم تاجر کے طور پر منانے کا سرکاری ریکارڈ میں بھاما شاہ جینتی کے طور پر درج کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں تکیت نگر یونٹ کے صدر کرپا شنکر شکلا نے قومی صدر سندیپ جنسل کو اس جدوجہد کے لیے مبارکباد پیش کی اور 29 جون کو یکتیت نگر دفتر میں یوم تاجر منایا گیا۔ اس موقع پر تاجروں میں شیوکمار شاہ، ستیہ پرکاش گپتا، سنیل گپتا، منا رمین، الحلیش جین، وکاسمیکی گپتا، سونو شرما، رابھیش شرما، سندیپ گپتا، راشٹرن مورید، کمیش دھیمان، رام کمار گپتا، کرانتی کشیپ، پرسون شرما، ریاض احمد، کملیس ورما اور اجے چودھری وغیرہ وگیرہ تاجر موجود تھے۔

کچی دیوار کے ملبہ میں دب کر 11 سالہ بچی کی موت

مکان حاصل کرنے والوں کی فہرست میں منجو کا نام شامل، مگر مکان ندارد

بارہ بنکی (ایس این بی) آج علی الصبح ہورہی بارش کے دوران تھانہ سیہا حلاقہ کے موضع میندیا مزرعہ ککرہواں میں کچی دیوار منہدم ہوجانے سے اس کے ملبہ میں دب کر گیارہ سالہ معصوم بچی کی دردناک موت ہوگئی۔ اطلاع کے مطابق گاؤں کے غریب کرشن کمار کی ڈیڑھ برس قبل موت ہوچکی ہے۔ اس کی بیوہ منجو اپنے چھ بچوں کی پرورش صرف گاؤں اور آس پاس میں مزدوری کرکے کررہی ہے۔ کیونکہ نہ تو اس کے پاس کھیتی کے لیے زمین ہے اور نہ ہی رہنے کے لیے مکان۔ گاؤں پردھان ودیدی نے بتایا کہ منجو کا نام وزیراعظم رہائشی اسکیم میں آگیا ہے مگر سرکاری کاموں تباہلی کی بنا پر اس کو مکان نہیں مل سکا۔ آج علی الصبح جب منجو اپنے بچوں کے ساتھ کچی دیوار پر کھنے ٹین کے نیچے سو رہی تھی کہ بارش سے دیوار منہدم ہوگئی اور گیارہ سالہ بیٹی روبی اس کے ملبہ میں دب گئی۔ ماں کے رونے چیخنے پر جب آس پاس کے لوگوں نے جب ملبہ ہٹایا تو روبی کی سانسیں ختم ہوچکی تھیں۔ موقع پر پہنچے ریونیو انسپکٹر نے بتایا کہ معاملہ کی جانچ کی جارہی ہے جبکہ بی ڈی او حیدرگڑھ کا کہنا ہے کہ منجو کا نام مکان حاصل کرنے والی فہرست میں ہے مگر کیوں نہیں ملا یہ جانچ کی جائے گی۔ گاؤں کے لوگوں کا کہنا ہے کہ اگر منجو کو مکان مل جاتا تو شاید اس کی بیٹی کی جان بچ جاتی۔

افسران نے ضلع جیل اور خواتین پروٹکشن ہوم کا جائزہ لیا

سی سی ٹی وی فوٹیج کی کراس چیکنگ بھی کی

بارہ بنکی (ایس این بی) ضلع جج رئیش چندر، ضلع مجسٹریٹ ستیندر کمار اور ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس دنیش کمار سنگھ نے آج ایک ساتھ ضلع جیل اور خواتین پروٹکشن ہوم کا اچانک معائنہ کیا ان کے ساتھ پولیس فورس بھی تھی۔ معائنہ کے دوران افسران نے قیدیوں اور پرٹکشن ہوم میں مقیم لڑکیوں کی پیشی کے لئے بنائے گئے کانفرنسنگ ہوم روم کو بھی دیکھا۔ انہوں نے افسران نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی کراس چیکنگ بھی کی۔

انہوں نے قیدیوں سے ملاقات کرنے والوں اور لڑکیوں کو ضروری ہدایات دیں۔ تینوں افسران نے جیل میں قید ٹاپ 10 ملزمان سے ملنے آنے والے لوگوں کے ملاقات کے ریکارڈ بھی چیک کیے اس کے بعد انہوں نے کنٹرول روم، بیرکوں، بمس اور جیل اسپتال کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے قیدیوں اور ہوم میں مقیم لڑکیوں سے ان کے مسائل براہ راست سماعت کیے اور انہیں ملنے والی سہولیات کے سلسلہ میں معلومات حاصل کیں اور جیل افسران و ہوم انچارج کو ضروری ہدایات دیں۔ یاد رہے کہ کل ہی ڈی ایم اور ایس پی ضلع جیل کا اچانک معائنہ کرچکے ہیں۔

کمپنی کے ملازمین سے بھری کار ڈی سی ایم سے ٹکرائی

ڈرائیور سمیت 5 افراد شدید زخمی، تشویشناک حالت میں ضلع اسپتال ریفر

بارہ بنکی (ایس این بی) آج صبح بہرائچ سے لکھنؤ جارہی ایک کمپنی کے ملازمین سے بھری کار مسولی چوراہے کے قریب ڈی سی ایم سے ٹکرا گئی جس میں ڈرائیور سمیت 5 لوگ شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو سی ایچ سی یرا گاؤں کے ڈاکٹروں نے تشویشناک حالت میں ضلع صدر اسپتال ریفر کردیا ہے۔ اطلاع کے مطابق بہرائچ ضلع کے ششی کانت، ورینر، کشن، دلیپ اور ڈرائیور راہل آج صبح لکھنؤ میں پروفائل اینڈ سمیل کمپنی کی میٹنگ میں شرکت کرنے جارہے تھے۔ بہرائچ رام نگر قومی شاہراہ روڈ ویز بس کو اوورٹیک کرنے کے بعد کار سامنے سے آرہی ڈی سی ایم سے ٹکرا گئی جس سے کار سوار سب ہی لوگ شدید طور پر زخمی ہوگئے اور کار بری طرح ٹوٹ گئی۔

بارش سے قبل تمام نالوں اور نالیوں کی صفائی کی ہدایت

صفائی سے متعلق کسی طرح کی لاپروائی برداشت نہیں: کمشنر

گونڈہ (ایس این بی) کمشنر نے بلدیہ کا معائنہ کیا اور بارش سے پہلے تمام بڑے نالوں کی صفائی کی جائے، شہر میں صفائی کے حوالے سے کوئی لاپرواہی نہ برتی جائے۔ ہفتہ کو دیوی پاٹن منڈلہ کمشنر کشی بھوش لال سٹیل نے گونڈہ شہر کے مختلف مقامات پر پہنچ کر صفائی کے نظام کا اچانک معائنہ کیا۔ اپنے اچانک معائنہ کے دوران انہوں نے سول لائنز کی پامیکی بستی، گاندھی پارک کے سامنے نالے کی صفائی، میوا تیان، تو پخانہ شاستری نگر اور میونسپلٹی آفس کے قریب نالے کی صفائی کے کام کا معائنہ کیا۔ اس دوران انہوں نے موقع پر موجود ایگزیکیٹو آفیسر میونسپل کونسل کو ہدایت دی کہ بارش کی آمد سے قبل تمام نالوں اور نالیوں کی صفائی کی جائے تاکہ کہیں بھی پانی جمع ہونے کا مسئلہ پیدا نہ ہوسکے۔ بستیوں میں صفائی ستھرائی کو جاری رکھا جائے اور کوڑا کرکٹ کہیں بھی جمع نہ ہونے دیا جائے۔ انہوں نے معائنہ کے دوران جن کونسلرز سے ملاقات کی ان سے بات کی اور صفائی کے نظام کے بارے میں دریافت کیا جس پر کونسلرز نے بتایا کہ بلدیہ کی جانب سے صفائی باقاعدگی سے کی جاتی ہے۔ انہوں نے اسی دوران ہدایت دی کہ وہ وارڈ میں صفائی کے نظام کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔ کمشنر نے ایگزیکیٹو آفیسر کو ہدایت دی کہ پورے شہر میں کہیں بھی صفائی کے حوالے سے کوئی لاپرواہی نہ برتی جائے۔ صفائی کام میں کی غفلت پر ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔ اس دوران بلدیہ سے متعلقہ دیگر افسران بھی موجود رہے۔

بیت الخلا کی دیوار دھنسی، ملبہ میں دب کر نوجوان کی موت



رائے بریلی (ایس این بی) مچھراواں تھانہ حلقہ کے تحت بھوپ کھیڑا موضع کری گاؤں میں ہفتہ کی صبح تقریباً 7 بجے ایک نوتعمیر شدہ بیت الخلا کی دیوار گرنے سے ایک نوجوان ملبے کے نیچے دب گیا، جس کی وجہ سے اس کی دردناک موت ہوگئی۔ آپ کو بتادیں کہ متوفی شیوم ولد رام نریش جس کی عمر تقریباً 17 سال تھی اپنے نےتعمیر شدہ بیت الخلاء کے پاس بارش کے پانی ڈوکنے کا کام کررہا تھا۔ اسی بیچ بیت الخلا کی ٹینک کی دیوار دھنس گئی اور وہ ٹینک کے اندر پھنس گیا۔ گاؤں والوں نے جے سی بی کی مدد سے جائے وقوعہ پر ریسکیو آپریشن کیا لیکن نوجوان کی جان نہ بچائی جاسکی۔ متھی کے والد رام نریش نے بتایا کہ بکھون پہلے ہی بیت الخلا کی سلیپ پڑی تھی۔

ٹوائلٹ کے قریب بارش کا پانی بھر جانے کے بعد شیوم وہاں مٹی ڈالنے کا کام کر رہا تھا تبھی اچانک بیت الخلا کی چاروں دیواریں دھنس گئی، جس کی وجہ سے وہ اندر پھنس گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے نوجوان کی لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا، اس سلسلے میں تھانہ اچھارج وجیند رشرما نے بتایا کہ لاش کو قبضے میں لے لیا گیا ہے۔ قانونی کارروائی کی جارہی ہے۔

کلاسیفائیڈ اشتہارات
Classified

ضرورت ہے

پرنسپل لیڈی، وائس پرنسپل لیڈی، کلرک، عالم، فاضل، معلم، معلمات کی جوکہ اردو، عربی، دینیات، ہندی، انگریزی، حساب وکمپیوٹر کی تعلیم اور شعبۂ حفظ وقرأت کے لیے تجربہ کار حافظ وقاری اور باورچی، ڈرائیور، آیا، چپراسی کی ضرورت ہے۔ (قیام وطعام کی سہولت ہے) رابطہ کریں: جامعہ میمونہ للبنات احمد گنرز نڈوری فیبرز کیمپ فیض اللہ گنج لکھنؤ۔
8090007988-9450024260
-9838274817
HDLK-2400257

اسحاق دادامیاں کا عرس منایا گیا

شاھجہاں پور (ایس این بی) حضرت اسحاق دادا میاں کا دو روزہ سالانہ عرس یہاں محلہ خواجہ نیفروز میں واقع درگاہ پر عقیدت و احترام سے منایا گیا۔ درگاہ پر ہفتہ کی صبح 7 بجے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی ہوئی۔ خادم اسماعیل شاہ اور عجیب شاہ کی نگرانی میں رسم چادرہ گلگرادا کی۔ اس دوران عقیدت مندوں نے چادر وگلگر کی رسم ادا کی گئی۔ پورے دن نذر ونیاز کا سلسلہ جاری رہا۔ بعد نماز مغرب قل شریف ہوا۔ جس میں کثیر تعداد میں زائرین کی شرکت رہی۔ اس دوران قوم وملت کی خوشحالی اور ترقی کے لیے دعا کی گئی۔ محفل میں محمد رئیس عرف کالے شاہ، عجیب شاہ، شعیب، محمد فیروز شاہ، محمد عمران، اویس بٹکیل خاں وغیرہ موجود رہے۔ بمبین خان وجسٹس انقرنے بتایا کہ رات 10 بجے سے محفل سماع میں قوالیاں ہوں گی۔ وہیں گذشتہ شام کو محفل میلاد ہوئی۔ جس میں میلاد خواں حافظ محمد ذیشان رضا نے نعت خوانی کرتے ہوئے ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیا۔

ٹرک اور دودھ کا ٹینکر ٹکرا کر چائے کی دکان میں گھس گیے

ٹرک ڈرائیور فرار، ٹینکر ڈرائیور اور ہیلپر شدید زخمی، حالت تشویشناک

رائے بریلی (ایس این بی) مچھراواں تھانہ حلقہ کے تحت ہفتہ کی صبح تقریباً ۷ بجے پورہ ایچیم گاؤں بائی پاس پر سمودھا چوراہے کے نزدیک مچھراواں سے آرہا تیز رفتار بے قابو ٹرک اور لکھنؤ سے آنے والی ایک دودھ کی گاڑی آپس میں ٹکرا گئیں۔ ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا جبکہ ٹینکر ڈرائیور چندر پال ولد دیوی لال ساکن موتی کا پورہ اتھانہ لال گنج اور ہیلپر انوج یادو پسر شرام گاؤں سلیم پور تھانہ حسین گنج ضلع فتح پور شدید زخمی ہوگئے۔ اطلاع پر پہنچ کر زخمیوں کو ایمبولینس کے ذریعے سی ایچ سی لے جایا گیا، جہاں ان کی حالت تشویشناک دیکھ کر ضلع اسپتال ریفر کردیا گیا۔ اس سلسلے میں تھانہ انچارج وجیند رشرما نے بتایا واقعے کی اطلاع ملی ہے مزید قانونی کارروائی کی جارہی ہے۔

صفائی وترقیاتی کام نہیں کرائے جانے سے ممبران ناراض

محمودآباد-سیتاپور (ایس این بی) بلاک محمودآباد کے پرائمری اسکول تیرا میں دوسرے دن بھی سمر کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلباء کو پائیدار خوراک کے نظام کو اپنانے کی ترغیب دی گئی۔ سمر کیمپ کے اختتام پر طلباء نے غبارے چھوڑے۔ ہفتہ کو سمر کیمپ کے پہلے سیشن میں لوگوں کو پلاسٹک کی بوتلوں اور مٹی کے برتنوں کا استعمال کرتے ہوئے نیل کے پودے لگانے کی ترغیب دی گئی۔ دوسرے سیشن میں کیمپائی کھاوں اور کیڑے مار ادویات کی بجائے کیوسٹ کھاد اور ماحول دوست کیڑے مار ادویات کے حوالے سے آگاہی پیدا کی گئی۔ کیمپ کے تیسرے سیشن میں مولے اناج کے استعمال کے صحت کے فوائد بتائے گئے۔ صبح سمر کیمپ کا آغاز کرتے ہوئے بیلہا سنٹر ترتاج علی نے کہا کہ سمر کیمپ کے دوران آپ نے جو بھی سیکھے ہیں، انہیں اپنے گھروں میں دہرائیں۔

سمر کیمپ کا انعقاد

شاھجہاں پور (ایس این بی) بلاک سندھولی کے پرائمری اسکول تیرا میں دوسرے دن بھی سمر کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلباء کو پائیدار خوراک کے نظام کو اپنانے کی ترغیب دی گئی۔ سمر کیمپ کے اختتام پر طلباء نے غبارے چھوڑے۔ ہفتہ کو سمر کیمپ کے پہلے سیشن میں لوگوں کو پلاسٹک کی بوتلوں اور مٹی کے برتنوں کا استعمال کرتے ہوئے نیل کے پودے لگانے کی ترغیب دی گئی۔ دوسرے سیشن میں کیمپائی کھادوں اور کیڑے مار ادویات کی بجائے کیوسٹ کھاد اور ماحول دوست کیڑے مار ادویات کے حوالے سے آگاہی پیدا کی گئی۔ کیمپ کے تیسرے سیشن میں مولے اناج کے استعمال کے صحت کے فوائد بتائے گئے۔ صبح سمر کیمپ کا آغاز کرتے ہوئے بیلہا سنٹر ترتاج علی نے کہا کہ سمر کیمپ کے دوران آپ نے جو بھی سیکھے ہیں، انہیں اپنے گھروں میں دہرائیں۔

صفائی وترقیاتی کام نہیں کرائے جانے سے ممبران ناراض

محمودآباد-سیتاپور (ایس این بی) بلاک محمودآباد کے پرائمری اسکول تیرا میں دوسرے دن بھی سمر کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلباء کو پائیدار خوراک کے نظام کو اپنانے کی ترغیب دی گئی۔ سمر کیمپ کے اختتام پر طلباء نے غبارے چھوڑے۔ ہفتہ کو سمر کیمپ کے پہلے سیشن میں لوگوں کو پلاسٹک کی بوتلوں اور مٹی کے برتنوں کا استعمال کرتے ہوئے نیل کے پودے لگانے کی ترغیب دی گئی۔ دوسرے سیشن میں کیمپائی کھادوں اور کیڑے مار ادویات کی بجائے کیوسٹ کھاد اور ماحول دوست کیڑے مار ادویات کے حوالے سے آگاہی پیدا کی گئی۔ کیمپ کے تیسرے سیشن میں مولے اناج کے استعمال کے صحت کے فوائد بتائے گئے۔ صبح سمر کیمپ کا آغاز کرتے ہوئے بیلہا سنٹر ترتاج علی نے کہا کہ سمر کیمپ کے دوران آپ نے جو بھی سیکھے ہیں، انہیں اپنے گھروں میں دہرائیں۔